19/06/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینسید مبشر رُفاعی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نے پردھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کے تحت2 ہزار400کروڑ روپے کے مراعات کئے تقسیم// نوجوانوں سے کی اپنے بل پر آگے بڑھنے کی تاکید۔

پیڈ Contingency *........ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے محکمہ تعلیم کے 261 ورکروں میں مستقلی کے آرڈ کئے تقسیم۔

*........ محرم الحرام کی مناسبت سے دینی مجالس کا اہتمام جا ری۔
اور
*........ انٹرنیشنل یوگا ڈے تقریبات کےلئے تیاریاں مکمل۔

یوجناPM
وزیر اعظم نریندر مو دی نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر آگے بڑھیں اور وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کریں۔
نئی دلی میں آج" پر دھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا" کے تحت متعلقین میں2ہزار400 کروڑ روپے کے مراعات تقسیم کرنے کےلئے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سرکار با صلاحیت اور اختراعی ذہن رکھنے والے نوجوانوں کو پلیٹ فارم دستیاب کرانے کےلئے بامعنی اقدامات کرتی ہے۔
انہوںنے پر دھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کو نوجوانوں اور صنعت کاروں کے درمیان ایک مضبوط رابہ قرار دیا۔
------PM-------

امو رنوجوان
وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ وکست بھارت کے خواب شرمندہ تعبیر کرنے کےلئے نوجوانوں کو با اختیار کرنا ضروری ہے۔ امور نوجوان کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کا ایک مضمون سو شل میڈیا پر شیئر کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پر دھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقعے پیدا کرے گی اور نوجوان اذہان کو قوم کی تعمیر کا شراکت دار بنائے گی۔

مودی
وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے ایک با اعتماد شراکت دار کے طور پر اُبھر رہا ہے۔پیرس میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ایک وقت ایسا تھا جب ملکوں کے درمیان تعلقات کا تعین محض تجارت سے ہوتا تھا مگر آج کاروبار کے ساتھ ساتھ اعتماد بھی بہت ہی اہم ہو گیا ہے۔
انہوں نے کہا کہ ہر کوئی ملک ایک ایسا شراکت دار چاہتا ہے جس پر کہ ایک لمبے عرصے کیلئے بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

نائب صدر
نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن آج سے لداخ کے تین روزہ دورے پر رہیں گے، جہاں وہ یوگا کی بین الاقوامی تقریبات میں حصہ لیں گے۔
گاؤں میں مقامی سیلف Lukung اپنے دورے کے دوران نائب صدر کل یو ٹی کے ہیلپ گروپوں کے ساتھ بھی ملاقات کرینگے۔ وہ وائبرنٹ ولیجز پروگرام کے تحت اس سرحدی خطے میں ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لینے کے علاوہ جنگی یاد گار پر بھی حاضری دیں گے۔

سکینہ ایتو
وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج جمونمیں ایک تقریب کے دوران
محکمہ

---

تعلیم کے261 کنٹنجنسی پیڈ ورکروں میں ریگولرائزیشن آرڈر تقسیم کرنے کے ۓ ساتھ ساتھ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا ورچول طریقے پر سنگ بنیاد رکھا۔
اس مو قعے پر وزیر موصوفہ نے کہا کہ حکومت سکولوں میں بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے نیز معیار تعلیم میں بہتری لانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

ستیش شرما
ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج ہندواڑہ کا تفصیلی دورہ کر کے وہاں لوگوں کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا اور انکی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔
وزیر موصوف نے سماج میں منشیات کے استعمال کے پھیلتے رجحان پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے اس پرقابو پانے کےلئے سماج کے ہر طبقے سے تعاون طلب کیا۔ انہوننے لوگوں کے مطالبات پورا کرنے کا یقین دلایا۔ راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

چیف سیکریٹری
چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران پچھلے برس جمونو کشمیر میں آئے تباہ کن سیلابوں اور تودے گر آنے کے بعد مرکزی وزارت

داخلہ کی طرف سے منظور کئے گئے تجدید نو پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔
انہوننے مختلف محکموں کو ہدایت دی کہ وہ التوا میں پڑے مستقل باز آباد کا ری کی پروجیکٹوں کو جلد از جلد داخل کرے تاکہ ان پر کام جلد از جلد شروع کیا جا سکے۔

نشہ مکت
جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔
لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔
------LG------
اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے وادی کے ایک مصنف اور ماہر طب پروفیسر ڈاکٹر سید امین تابشنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
-Dr. Amin Tabish-

شیتل نشہ
آج سپریچول گروتھ سینٹر کٹرہ میں منشیات سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب پر ماحولیات و جنگلات کی کمشنرسیکریٹری شیتل ننداا اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

ڈرگ
نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت کارروائیاں جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے آج بنہ بازار شوپیان میں بشیر احمد صوفی نامی منشیات فروش کا رہائشی مکان اٹیچ کیا۔
بجبہاڑہ میں پولیس نے طارق احمد داس نامی منشیات فروش کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کر کے اُس کے خلاف کیس درج کیا۔ وہاں ہندواڑہ میں پولیس نے توصیف احمد گنائی نامی منشیات فروش کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کرکے اُس کے خلاف کیس درج کیا۔

سریکلچر
سریکلچر سیکٹر کو جمونو کشمیر کے دیہی اقتصادی منظر نامے میں کلیدی اہمیت حاصل ہے اور اس شعبے کے کا فی تعداد میں بے روزگاروں کو روزگار حاصل ہو رہا ہے۔
سریکلچر محکمہ ریشم کے معیار میں بہتری لانے نیز زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ریشم سازی کی طرف راغب کرنے کےلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے۔ ا س تعلق سے ڈائریکٹر سریکلچر جمونوکشمیر اعجاز احمد بٹ نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Aijaz Bhat-----

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سماعت کر  DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن
سکتے ہیں۔

محرم الحرام

آج مقدس محرم الحرام کی3تاریخ ہے۔ سن61ہجری میں اسی مہینے کے دوران نواسہ رسول ﷺ امام حسین ؓ اور ان کے جان نثاروں نے میدان ِ کربلا میناسلام کی سر بلندی اور حق و صداقت کی بالا دستی کےلئے اپنی جانوں کی قربانیاں  پیش کی تھیں۔
کر بلا کے شہداءکو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے وادی بھر میں مجالس اور عزاداری جلوسوں کا سلسلہ جا ری ہے۔ اسی سلسلے کے تحت وادی کی زیارت گاہوں ، مساجد ، خانقاہوں اور امام باڑوں میں آج ائمہ حضرارت نے نماز جمعہ سے قبل محرم الحرام اوریوم عاشورہ کی فضیلت پر تفصیل سے   روشنی ڈالی۔
جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے خانقاہ جامع پانپور میں کر بلا کے شہیدوں کی عظمت بیان کی۔

IGP

شری امر نا تھ جی یاترا2026 کے پیش نظر یاترا روٹ پر آپریشنل تیاریوں کا جائزہ کشمیر وی کے بردی نے آج زونل اور سیکٹر افسروں کے ساتھ IGPلینے کےلئے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔
انہوننے یاترا کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کےلئے افسروں کو پیشہ وارانہ صلاحیت کا بھر پور مظاہرہ کرنے کی ہدایت دی۔

یوگا دن

جمونو کشمیر میں21جون کو بارہویں بین الاقوامی یوگا دن کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں اور یوٹی میں اس دن کی سب سے بڑی تقاریب سرینگر اور گورنمنٹ پی جی کالج جموں میں منعقد ہو رہی ہیں-SKICC
ڈائریکٹر آیوش جمونو کشمیر ڈاکٹر اجے تِکو نے ہمارے نمائندے خور شید پڑرو کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ یوگا دن کی بڑی تقاریب کے ساتھ ساتھ تمام اضلاع میں یو گا سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔
------Byte------

ڈے

بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے ۔ اس سلسلے  Sickle Cell آج میں آج ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کئے گئے ۔ اس دن کی مناسبت سے صدر

بیماری کا Sickle Cell جمہوریہ دروپدی مر مو نے کہا کہ بھارت2047 سے پہلے خاتمہ یقینی بنائے گا ۔
Omkareshwar مدھیہ پردیش کے
گاو

---

ڈے سے متعلق ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے World Sickle Cell ں میں
انہوں نے زور دیا کہ اس بیماری سے متعلق ملک بھر میں جانکاری عام کی جائے تاکہ عام لوگ خصوصاً قبائلی طبقوں سے وابستہ افراد اس مرض سے بچ سکیں ۔

جے پی نڈّا
بیماری Sickle Cell دریں اثناءصحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے بھی عالمی سے متعلق بیداری پیدا کرنے پر صحت مند سماج تشکیل دینے پر سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ۔ انہوں نے جانکاری دی کہ ملک بھر میں 7 کروڑ 19 لاکھ اشخاص کی مشن کے تحت جانچ کی گئی جبکہ2 Sickle Cell Anemia Elimination نیشنل لاکھ46 ہزار افراد کو اس بیماری میں مبتلا پایا گیا ۔ انہوں نے کہا کہ اس مشن کے کارڈس بھی تقسیم کئے گئے ۔ Sickle Cell تحت چار کروڑ افراد میں

نائب وزیر اعلیٰ
نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج جموں میں قانون ساز اسمبلی کی نئی عمارت پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے پروجیکٹ کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

BJP
بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ یوگا بھارت کی طرف سے دنیا کے لئے ایک انمول تحفہ ہے اور یہ جسمانی ورزش کے ساتھ ساتھ زندگی کے ایک مکمل لائحہ عمل ترتیب دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگا وزیر اعظم نریند رمودی کی قیادت میں ایک عالمی تحریک بن کر ابھرا ہے ۔ وہ آج پارٹی ہیڈ کوارٹر تریکوٹا نگر جموں میں بی جے پی مہیلا مورچہ کی ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے ۔
Shah ایک الگ تقریب میں ست شرما نے حال ہی میں ریلیز کی گئی ڈوگری فلم کے اداکاروں کی عزت افزائی کی ۔ Shahni
دریں اثناءپارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے حکومت پر زور دیا ہے کہ جموں شہرمیں چھاپڑی فروشوں کی وجہ سے ٹریفک کی آواجائی میں بڑھتے ہوئے خلل اور دیگر مسائل سے نمٹنے کے دوران اُن کی روزی روٹی کا خاص خیال رکھا جائے ۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرے گی ۔
وہ آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے پارٹی لیڈران، ممبر ان اسمبلی اور عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہے تھے ۔

تھیٹر
نیشنل سکول آف ڈرامہ کے تھیٹر ان ایجوکیشن تائی سینٹر سرینگر اور جموںو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے باہمی اشتراک سے کشمیری پنڈت بچوں کےلئے منعقد کیا گیا 30روزہ تھیٹر ورکشاپ آج اختتام پذیر ہوا۔
اختتامی تقریب پر آج ٹائیگور ہال سرینگر میں زیر تربیت بچوں نے اپنے فن کا بھر پور مظاہرہ کیا۔ تقریب میں کلچرل اکیڈیمی کے ایڈیشنل سیکریٹری لال چند مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے جبکہ آکاشوانی سرینگر کے سابق پروگرام سر براہ اور معروف براڈ کاسٹر سیدہمایونقیصر نے مہمان ذی وقار کے طور پر شرکت کی۔

راجناتھ سنگھ
وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ پچھلے مالی برس کے دوران ملک کی گھریلو دفاعی پیدا وار ایک لاکھ78ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی جو2014میں صرف46ہزار کروڑ روپے تھی۔ وہ آج ناگپور کی ایک آڈننس فیکٹری میں10ہزار ٹن Aluminium Extrusion Press کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

ردعمل
بھارت نے اقوام متحدہ میں پاکستان اور اسلامی تعاون کی تنظیم OIC کی طرف سے جموں کشمیر کے بارے میں دئے گئے حوالوں اور الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر ہمیشہ سے ہی بھارت کا ایک ناقابل تنسیخ حصہ رہا ہے اور رہے گا۔
اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے کمشن کے 62ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندہ انوپما سنگھ نے پاکستان پر مقامی چلینجوں اور دہشت پسندی کی مسلسل حمایت سے توجہ ہٹانے کیلئے پروپگنڈاکرنے کا الزام لگا یا ہے۔

امریکہ
امریکہ نے کہا ہے کہ ایران کی بندرگاہوں اور ساحلی علاقوں میں آنے جانے والے جہازوں پر سے بحری ناکہ بندی ہٹائی گئی ہے۔ امریکہ کے مرکزی کمانڈ نے کہا ہے کہ یہ پابندی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے احکامات کی پیروی میں ہٹائی گئی ہیں۔

یہ پیش رفت صدر ٹرمپ کی جانب سے اُس معاہدے پر دستخط کے ایک دن بعد ہوئی ہے جس کی رو سے ایران کے ساتھ قریب چار مہینے کا تناز عہ ختم ہوا اور پورے خطے میں تناؤ دور ہو گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر کے اکثر مقامات میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ